ABC CERTIFIED

آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ

بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)

DAILY ETTELAAT KARACHI

روزنامہ اطلاعات کراچی

بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ

چیف ایڈیٹر طاہر ملک

ایڈیٹر: میاں طارق جاوید

ETTELAATKHI@GMAIL.COM

جلد نمبر: 27 | 24 محرم 1448 جمعہ 10 جولائی 2026ء | قیمت 10 روپے | شمارہ: 106

پیپلز پارٹی کا مرسوں مرسوں سندھ نہ ڈیسوں کیلی کا اعلان

پاکستان کیلئے سندھو دریا اور پانی ہماری بقا اور زندگی ہے جس کا گلہ گھونٹنے نہیں دیا جائے گا، بھارت کی جانب سے ہمارا پانی روکنا ہمارے وجود کیلئے خطرہ ہے، شازکھوڑو

1991 معاہدے کے تحت صوبوں کے درمیان پانی کی شفاف تقسیم کی جائے، چشمہ جہلم لنک کینال اور ٹی پی لنک کینال ہیں ان کینالوں میں پانی کا مسلسل بہاؤ یقینی بنایا جائے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23

خامنہ ای کی تدفین کے انتظامات مکمل، لاکھوں سوگواروں کی آمد

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25

غزہ میں اسرائیلی حملے، مزید 8 فلسطینی شہید، 17 زخمی

مسلسل بمباری اور شدید حالات کے باعث امدادی ٹیموں تک رسائی حاصل نہیں کر سکی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24

بلوچستان حملوں میں ہمسایہ ملک کا ہاتھ ہے، شہباز شریف



دہشت گرد افغانستان میں پناہ لئے ہوئے ہیں، ہمسایہ ملک دہشت گردوں کو پیسہ اور اسلحہ دے رہا ہے اور بھی کچھ خارجی ہاتھ ہیں میں نام لینا نہیں چاہتا، کوئٹہ میں اجلاس

دہشت گردی کیخلاف سیاسی اور عسکری قیادت ایک پیج پر ہے، دہشت گردوں کا خاتمہ کرنا اولین ترجیح ہے، ہم مل کر دن رات اس فتنے کا خاتمہ کریں گے اور پیچھے نہیں ہٹیں گے

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ بلوچستان میں دہشت گردی میں مشرقی ہمسائے ملک کا ہاتھ ہے جو دہشت گردوں کو پیسہ اور اسلحہ فراہم کر رہا ہے، دہشت گرد افغانستان سرزمین پر موجود ہیں، ہم مل کر دن رات اس فتنے کا خاتمہ کریں گے اور پیچھے نہیں ہٹیں گے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26

امن و امان کی صورتحال امید افزا نہیں، فضل الرحمان

موجودہ بامبر ڈنظام کی وجہ سے معیشت اور امن و امان کو شدید نقصان پہنچایا ہے، دونوں رہنماؤں کا جھڈو پہنچ کر سیلاب متاثرین سے اظہار یکجہتی



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28

پاک امریکا کے درمیان تجارتی معاہدے پر مذاکرات شروع



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29

امریکا ایران کشیدگی جنگ میں تبدیل نہیں ہوگی، پاکستان

پاکستان اور قطر نے امریکا اور ایران کو جنگ روک کر مذاکرات کی طرف واپس آنے کے لیے تازہ رابطے کیے ہیں، ترک خبر ایجنسی کا دعویٰ

پاکستان قطر کے ساتھ مل کر واشنگٹن اور تہران سے رابطے میں ہے تاکہ دونوں فریق کشیدگی ختم کریں اور معاہدے کے تحت مذاکرات کی طرف لوٹیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30

آؤ ہم تمہارا انتظار کر رہے ہیں، ایران کا امریکا کو چیلنج

کویت میں امریکی اڈوں کو نشانہ بنایا، ایران کسی بھی قسم کی کشیدگی کے لیے پوری طرح تیار ہے، ایرا جیم رضائی

کسی بھی ممکنہ فوجی کارروائی کا مقابلہ کرنے کیلئے تیار ہیں، ایرانی قوم کے وقار پر کبھی کوئم نہیں کرے گی، عباس عراقچی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31

ایران کے بحرین اور کویت میں امریکی اڈوں پر جوابی حملے

امریکا نے ایران پر بڑے پیمانے پر حملے کیے جس میں 14 افراد جاں بحق اور 78 زخمی ہوئے ہیں، میڈیا رپورٹس

دفاعی نظام ایرانی میزائلوں اور ڈرونز کو روک رہا ہے جب کہ قطر نے بھی بائی سیکورٹی الرٹ جاری کیا، کویت

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36

فاطمہ جناح عوامی خدمت کی لازوال علامت تھیں، بلاول بھٹو

چیئرمین پیپلز پارٹی کا مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح کی 59 ویں برسی پر خراج عقیدت

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35

6 سالہ بچے کے قتل کی تحقیقات سفاک ملزم کے اہم انکشافات

جنازے کے دوران موقع پر آکر بچے کو قلیہ میں لے گیا، زیادتی کے بعد قتل کر دیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37

عالمی بینک نے سندھ میں ٹرانسپورٹ اصلاحات کو سراہا

حکومت محرم کو جدید خطوط اور معیاری سفری سہولیات کی فراہمی کو اولین ترجیح بھی ہے، شرجیل میمن

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38

غیر قانونی تارکین وطن کردھیر اتنگ کے 49 افغان باشندے ملک بدر

سندھ حکومت کی ہدایات پر غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی شہریوں کیخلاف کارروائیاں جاری ہیں، حیدرآباد سے مزید 49 افغان شہریوں کو افغانستان ڈی پورٹ کر دیا گیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39

وزیراعلیٰ سندھ سے جماعت اہل سنت پاکستان کے وفد کی ملاقات

ملاقات میں مدارس کی رجسٹریشن، ریگولیشن اور مزارات کے امور پر تفصیلی گفتگو

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42

روزنامہ اخبار پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر وزٹ کریں

dailyettelaat.com

Follow us on :

fb/Dailyettelaatkarachi

اطلاعات ETTELAAT DIGITAL

فوری رابطہ:

0333-3424317

0300-7002722

0320-3055279

For Ads : 0331-2407401



آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DALIY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ
چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
پبلشر سید محمد کمال نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مشرق بلڈنگ آفس نمبر 103 کورٹ روڈ کراچی سے شائع کیا۔ (ریزیڈنٹ ایڈیٹر: تحسین کمال)

پاکستان و ترکیہ، اعتماد، تعاون اور نئے عہد کی بنیاد

استنبول میں وزیراعظم شہباز شریف اور ترکیہ کے صدر اردوان کی ملاقات ایسے وقت میں ہوئی ہے جب دنیا ایک نئے سیاسی اور معاشی انتشار کے دور سے گزر رہی ہے۔ عالمی طاقتوں کے درمیان کشیدگی، مشرقِ وسطیٰ کی غیر یقینی صورتحال، توانائی کے بحران، تجارتی راستوں کی نئی تشکیل، مصنوعی ذہانت کے بڑھتے ہوئے اثرات، علاقائی اتحادوں کی ازسرِ نو ترتیب اور عالمی معیشت کی سست روی نے تقریباً ہر ملک کو اپنی خارجہ پالیسی پر نئے سرے سے غور کرنے پر مجبور کر دیا ہے۔ ایسے حالات میں پاکستان اور ترکیہ کی قیادت کا نہ صرف ایک دوسرے پر اعتماد کا اظہار کرنا بلکہ تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، معدنیات، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور سفارتی تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ کرنا اس امر کی علامت ہے کہ دونوں ممالک مستقبل کی سیاست کو محض بیانات سے نہیں بلکہ مشترکہ متحرک حکمتِ عملی کے ذریعے دیکھنا چاہتے ہیں۔ قوموں کی زندگی میں بعض سفارتی ملاقاتیں محض تصویروں، مصافحوں اور مشترکہ اعلامیوں تک محدود نہیں رہتیں بلکہ وہ تاریخ کے خاموش اوراق پر ایسے نقوش ثبت کرتی ہیں جو آنے والے زمانوں کی سیاسی سمت، اقتصادی امکانات اور جغرافیائی ترجیحات کا تعین کرتے ہیں۔ کچھ تعلقات مفادات کی عارضی گرمی سے جنم لیتے ہیں اور موسم بدلتے ہی سرد پڑ جاتے ہیں، جب کہ کچھ رشتے تاریخ کے دھارے میں اس طرح ڈھل جاتے ہیں کہ فاصلے، زبانیں، سرحدیں اور بدلتے ہوئے عالمی اتحاد بھی ان کی بنیادوں کو متزلزل نہیں کر پاتے۔ پاکستان اور ترکیہ کا تعلق بھی اسی نوعیت کا رشتہ ہے، جس کی بنیاد صرف ریاستی مفادات پر نہیں بلکہ مشترکہ تاریخی شعور، تہذیبی وابستگی، مذہبی ہم آہنگی اور ایک دوسرے کے دکھ سکھ میں شریک رہنے کی روایت پر استوار ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب ترک صدر رجب طیب اردوان یہ کہتے ہیں کہ پاکستان اور ترکیہ ہمیشہ ایک دوسرے کے ساتھ کھڑے رہیں گے تو یہ محض سفارتی جملہ نہیں بلکہ ایک ایسی تاریخ کا خلاصہ ہے، جس کے صفحات قربانی، اعتماد، اخلاص اور مسلسل تعاون کی روشن مثالوں سے بھرے ہوئے ہیں۔ یہ حقیقت کسی سے پوشیدہ نہیں کہ پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات کا سب سے مضبوط پہلو عوامی محبت ہے۔ دنیا میں بے شمار ایسے ممالک موجود ہیں جن کے درمیان سفارتی تعلقات تو خوشگوار ہوتے ہیں مگر عوام ایک دوسرے سے زیادہ واقف نہیں ہوتے، لیکن پاکستان اور ترکیہ کا معاملہ اس کے برعکس ہے۔ برصغیر کے مسلمانوں نے تحریکِ خلافت کے دوران ترک عوام کے لیے جو مالی اور اخلاقی قربانیاں دیں، وہ آج بھی ترکیہ کی اجتماعی یادداشت کا حصہ ہیں۔ اسی طرح پاکستان کو جب بھی قدرتی آفات، زلزلوں، سیلابوں یا دیگر مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، ترکیہ نے امداد، تعاون اور یکجہتی میں کبھی تاخیر نہیں کی۔ دوستی کی یہی وہ بنیاد ہے جو کسی بھی سرکاری معاہدے سے کہیں زیادہ مضبوط اور پائیدار ہوتی ہے۔

ٹیکسٹائل صنعت کی بحالی، توانائی کے مسائل اور برآمدات کا مستقبل



تحریر: طاہر ملک
چیف ایڈیٹر روزنامہ اطلاعات کراچی

پاکستان کی معیشت میں ٹیکسٹائل صنعت کو ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہے، کیونکہ ملکی برآمدات کا سب سے بڑا حصہ اسی شعبے سے وابستہ ہے۔ اس کے باوجود گزشتہ چند برسوں سے برآمدات میں خاطر خواہ اضافہ نہیں ہو سکا اور ملکی برآمدی حجم تقریباً ایک ہی سطح پر رکا ہوا ہے۔ ...

ماہرین کے مطابق حکومت کو چاہیے کہ صنعتی صارفین کے لیے بجلی اور گیس کے نرخ خطے کے دیگر برآمدی ممالک کے برابر لائے جائیں تاکہ پاکستانی مصنوعات عالمی منڈی میں بہتر مقابلہ کر سکیں۔ ...

کیا مشرقِ وسطیٰ کی جنگ ایک سوچا سمجھا منصوبہ ہے؟



تحریر: سید فیصل احمد

تقریباً دو ماہ قبل میں نے اپنے ایک مضمون میں لکھا تھا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ شاید کبھی یہ نہیں چاہیں گے کہ مشرقِ وسطیٰ میں جاری کشیدگی مکمل طور پر ختم ہو جائے، کیونکہ اس جنگ کے خاتمے سے زیادہ اہم امریکہ کے وہ سیاسی اور معاشی مفادات ہیں جو خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال سے وابستہ ہیں۔ ...

شہادت کا پیغام اور ایران کی قومی یکجہتی کا امتحان



تحریر: فرقان قمر
سینئر تجزیہ کار

ایران میں حالیہ قومی سانحے کے بعد جس انداز میں عوام نے اپنے رہنماؤں سے وابستگی اور ریاست کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا، اس نے دنیا بھر کی توجہ اپنی جانب مبذول کر لی۔ ...

عبدالستار ایدھی ایک عظیم انسان دوست ہستی تھے، سلیم خیسانی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) معروف سماجی شخصیت اور چیئرمین ایہلپ ڈویلپمنٹ سوسائٹی محمد سلیم خیسانی نے انسان دوست شخصیت عبدالستار ایدھی کی دسویں برسی کے موقع پر ان کی خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ اپنے ایک بیان میں محمد سلیم خیسانی نے کہا کہ عبدالستار ایدھی ایک عظیم انسان دوست ہستی تھے جنہوں نے اپنی پوری زندگی دکھی انسانیت کی خدمت کیلئے وقف کر دی۔ انہوں نے نہ صرف پاکستان بلکہ دنیا بھر میں انسانیت کی ...

نیو کراچی ٹاؤن میں ترقیاتی کاموں کا سلسلہ بلاتعطل جاری

دوحہ تا الحمید اسکول زیرِ تعمیر سڑک کے معیار اور اس میں استعمال ہونے والے میٹریل کا جائزہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے دوحہ چورنگی تا الحمید اسکول زیرِ تعمیر سڑک پر جاری روڈ کارپٹنگ کے کام کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر متعلقہ افسران نے انہیں تعمیراتی کام کی رفتار، معیار اور تکمیل کے مختلف مراحل پر بریفنگ دی۔ ...

آل پاکستان پرنس وحیدی کلب کی 49ویں سالگرہ منائی گئی، پرنس وحیدی کلب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آل پاکستان پرنس وحیدی کلب ہیڈ آفس علیم گوٹھ لیاری کراچی کی 49ویں سالگرہ منائی گئی۔ اس موقع پر ایک اہم اجلاس کا انعقاد کیا گیا ... 17 جولائی 1977 میں پرنس وحیدی کلب کی بنیاد رکھی گئی۔ ...

چیئرمین جناح ٹاؤن نے محرم الحرام کے انتظامات کی رپورٹ پیش کر دی

اسٹریٹ لائٹس، نکاسی آب اور دیگر بلدیاتی سہولیات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین جناح ٹاؤن جناب رضوان عبدالسمیع نے محرم الحرام کے دوران محکمہ مکینیکل و الیکٹریکل کی جانب سے کیے گئے انتظامات اور بلدیاتی خدمات کی تفصیلی پروگریس رپورٹ ڈپٹی کمشنر ضلع شرقی جناب نصراللہ عباسی کو پیش کی۔ ...



اسلامی تحریک آرگنائزیشن کراچی کے صدر محمود حامد کراچی پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں، نائب صدر جاوید عبداللہ، نوید احمد، سلیم ملک، ... ان کے ہمراہ موجود ہیں

امریکہ، اسرائیل نے شرائط کو بدترین انداز میں اپناتے ہوئے روندڈالا، شبیر حسن میثمی

سوشل میڈیائی تنقید یا باہمی مجادلہ!



حرفِ سچ
پروفیسر ڈاکٹر محمد لیسین

Email:dailysabat.5@gmail.com
Email:monthlyzore.5@gmail.com
Cell# +923004215304,+923244549205

پاک فوج اور سیکیورٹی فورسز قوم کا فخر ہیں، ایاز میمن موتی والا

بلوچستان کے شہدا کو سلام، دشمن کے ناپاک عزائم ناکام ہوں گے

یونین کلب فرسٹ سی زون سندھ بیڈمنٹن چیمپئن شپ فرحان الطاف مردوں کے سنگلز کے چیمپئن بن گئے

بھارت کی خارجہ پالیسی اور اس کے توسیع پسندانہ عزائم کو سمجھنا ناگزیر ہے، غلام محمد صفی

برہان مظفر وانی کی برسی کے موقع پر "برہان وانی۔۔۔ایک تحریک، ایک سنگ میل" کے عنوان سے تقریب کا انعقاد

"کشمیر بنے گا پاکستان"، برہان وانی جیسے نوجوان تحریک آزادی کشمیر کی علامت بن چکے ہیں، شرمیلا فاروقی



آرٹس کونسل کی جانب سے برہان مظفر وانی کی 10 ویں برسی کے موقع پر منعقدہ تقریب میں غلام محمد صفی اظہار خیال کر رہے ہیں

محترمہ فاطمہ جناح کا یوم سرکاری سطح پر منایا جانا چاہیے، اسلم فاروقی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تحریک پاکستان کی اہم رہنما و اپنے بھائی بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح کی پرجوش حامی مادرِ ملت محترمہ فاطمہ جناح کی 59ویں برسی کے موقع پر بانیان پاکستان کی اولادوں کی تنظیم محبِ قومی سماجی کونسل ... کے قیادت میں 12 رکنی وفد نے ... مادرِ ملت محترمہ فاطمہ جناح کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لیے مزارِ قائد کے احاطے میں ان کی آخری آرام گاہ پر حاضری دی پھول چڑھائے۔

عوام پریشان اور وقت پر کھانا پکانے کی سہولیات سے محروم ہو کر زندگی گزار رہے ہیں۔ ایچ حسین اخوندزادہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سماجی رہنما ایچ حسین اخوندزادہ نے بجلی اور گیس کی بدترین لوڈشیڈنگ میں اضافہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ گیس کی لوڈ شیڈنگ کے لیے کوئی بہتر اقدامات نہیں کرنا عوام کے ساتھ زیادتی ہے ...

سرحدوں کے محافظوں کو پوری قوم سلام پیش کرتی ہے، جمیل ضیا

بلوچستان سے سرحدوں تک پاک فوج کی قربانیاں ناقابلِ فراموش ہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ پارٹی کے رہنما اور ٹاؤن چیئرمین اور نگی ٹاؤن حاجی جمیل ضیا نے بلوچستان میں دہشتگردوں کی حالیہ واقعات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وطن کے دفاع اور عوام کے تحفظ کے لیے پاک فوج، سکیورٹی فورسز، پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی خدمات قابلِ فخر ہیں۔ ...

فلاحی و انسانی خدمت ہی مہذب معاشرے کی اصل پہچان ہے، میاں مقصود

معاشرے کے کمزور طبقات کا سہارا بننا صرف سماجی ذمہ داری نہیں بلکہ ایک عظیم انسانی اور اخلاقی فریضہ بھی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) الفلاح فاؤنڈیشن آف ہیومن رائٹس انٹرنیشنل کے چیئرمین میاں محمد مقصود نے کہا ہے کہ فلاحی و انسانی خدمت ہی ایک مہذب، باوقار اور ترقی یافتہ معاشرے کی اصل پہچان ہے۔ ...

مرکزی جماعت اہل سنت کراچی ڈویژن کا اہم مشاورتی اجلاس 12 جولائی کو طلب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مرکزی جماعت اہل سنت کراچی ڈویژن کے زیر اہتمام ایک اہم مشاورتی اجلاس بروز اتوار 12 جولائی 2026 بوقت شام 00:5 بجے مرکز اہل سنت ... منعقد ہوگا۔ ...





بقیہ نمبر 01 اطلاعات

عظیم نعمت عطا فرمائی ہے، لہٰذا ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم اس دین حق کا پیغام دنیا بھر کے انسانوں تک پہنچائیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی کروڑوں کی آبادی میں اگر صرف علما کرام ہی دعوت دین کی ذمہ داری ادا کریں تو یہ کافی نہیں ہوگا، بلکہ ہر مسلک کے ہر صاحب استطاعت فرد کو حکمت، حسن اخلاق اور نبوی منہج کے مطابق دین اسلام کا پیغام عام کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان اہل حدیث اور قرآن و سنت سے وابستہ مسلمانوں کی ملک کی نمائندہ جماعت ہے، جسے نہ صرف پاکستان بلکہ بیرون ملک بھی ایک معتبر دینی و دعوتی تنظیم کے طور پر دیکھا جاتا ہے۔ اس لیے اتحاد، اتفاق اور باہمی یکجہتی کے ساتھ جمعیت کے پیغام کو عام کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ڈاکٹر علی محمد ابوتراب نے دینی مدارس کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ مدارس اسلام کے مضبوط قلعے اور طلبہ و علما پاکستان کے حقیقی سفیر ہیں۔ یہ ادارے قومی بجٹ پر بوجھ نہیں بنتے، نہ ہی قومی خزانے سے تنخواہیں یا مراعات حاصل کرتے ہیں، بلکہ عوام کے عطیات اور تعاون سے اپنی مدد آپ کے تحت چلنے والے ایسے فلاحی ادارے ہیں جن کا باقاعدہ آڈٹ ہوتا ہے اور جہاں امانت و دیانت کے ساتھ ذمہ داریاں انجام دی جاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اسلام کا قلعہ ہے اور اس کی نظریاتی سرحدوں کے تحفظ کے لیے انہی دینی مدارس میں علما اور مبلغین تیار کیے جاتے ہیں۔ یہی مدارس صبح و شام افواج پاکستان کی کامیابی، وطن عزیز کی سلامتی، استحکام اور ترقی کے لیے خصوصی دعاؤں کا بھی اہتمام کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامعہ السلام المنتظر شاہ لطیف ٹاؤن میں مرکزی جمعیت اہل حدیث کراچی کے نائب امیر مولانا محب اللہ اور مدیر الجامعہ حافظ عبدالوہاب سیٹھار کی جانب سے اپنے اعزاز میں دیے گئے ظہرانے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث سندھ مولانا مفتی محمد یوسف قصوری، نائب امیر سندھ ڈاکٹر قاری خلیل الرحمن جاوید، ناظم اعلیٰ سندھ پروفیسر ابراہیم طارق، امیر مرکزیہ کراچی ڈاکٹر عامر عبداللہ محمدی، سرپرست کراچی زون اے مولانا محمد افضل سردار، سرپرست کراچی زون بی عامر نجیب، ناظم کراچی زون اے مفتی محمد رفیق سلفی، ناظم کراچی زون بی محمد اشرف قریشی، محمد عرفان شیخ، حافظ عبدالوہاب سیٹھار، مفتی بلال بشیر اور دیگر علما کرام بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 02 اطلاعات

دوران محرم الحرام میں کیے گئے انتظامات، جلوسوں اور مجالس کے روٹس پر صفائی ستھرائی، سڑکوں کی مرمت، اسٹریٹ لائٹس، نکاسی آب اور دیگر بلدیاتی سہولیات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر ضلع شرقی نصراللہ عباسی نے جناح ٹاؤن کی جانب سے محرم الحرام کے دوران کیے گئے موثر انتظامات، بروقت اقدامات اور مربوط حکمت عملی کو سراہتے ہوئے چیئرمین جناح ٹاؤن، محکمہ میکینیکل و الیکٹریکل، محکمہ بی اینڈ آر (بلڈنگ اینڈ روڈز) اور دیگر متعلقہ محکموں کی کارکردگی کی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ تمام افسران اور عملے نے بہترین ٹیم ورک اور ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے

[illegible]

بقیہ نمبر 03 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 04 اطلاعات

[illegible]

MAP بقیہ نمبر 05 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 06 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 07 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 08 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 09 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 10 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 11 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 12 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 13 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 14 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 15 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 16 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 17 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 18 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 19 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 20 اطلاعات

بقیہ نمبر 21 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 22 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 23 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 24 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 25 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 26 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 27 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 28 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 29 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 30 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 31 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 32 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 33 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 34 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 35 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 36 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 37 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 38 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 39 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 40 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 41 اطلاعات

[illegible]

بقیہ نمبر 42 اطلاعات

[illegible]



شرمیلا فاروقی کی زیرِ صدارت اجلاس
پیپلز پارٹی کا سوشل و ڈیجیٹل میڈیا حکمتِ عملی مزید مؤثر بنانے کا فیصلہ

تنظیمی رابطوں کو مضبوط بنانے اور میڈیا حکمتِ عملی کو مزید مؤثر بنانے کے لیے مختلف تجاویز پر بھی غور کیا گیا چیئرمین سہراب گوٹھ نے خیر مقدم کیا

اجلاس میں سیکریٹری اطلاعات ضلع شرقی فرخ نیاز تنولی، ڈپٹی سیکریٹری اطلاعات کراچی ڈویژن آصف خان، شکیل چوہدری، حسام شمسی، ارتضیٰ بلوچ و دیگر کی شرکت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سیکریٹری اطلاعات پاکستان پیپلز پارٹی کراچی ڈویژن شرمیلا فاروقی کی زیرِ صدارت پاکستان پیپلز پارٹی ضلع شرقی اطلاعات کا اہم اجلاس سہراب گوٹھ جن آفس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکریٹری اطلاعات ضلع شرقی فرخ نیاز تنولی، ڈپٹی سیکریٹری اطلاعات کراچی ڈویژن آصف خان، شکیل چوہدری، حسام شمسی، ارتضیٰ بلوچ، تنی امیریا اور خواتین ونگ کے سیکریٹری اطلاعات نے شرکت کی۔ اجلاس میں شعبہ اطلاعات و نشریات کو مزید فعال اور مؤثر بنانے، سوشل و ڈیجیٹل میڈیا کے ذریعے موجودہ سیاسی صورتحال میں پارٹی مؤقف کو بھرپور انداز میں اجاگر کرنے، اور چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی شخصیت، سیاسی وژن اور عوامی خدمات کو مؤثر انداز میں عوام تک پہنچانے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر تنظیمی رابطوں کو مضبوط بنانے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18



اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا حقیقی شکر اسکے دین کے مطابق زندگی گزارنے میں ہے، ڈاکٹر علی محمد ابوتراب

ہر صاحب استطاعت فرد کو حکمت، حسنِ اخلاق کے مطابق دین اسلام کا پیغام عام کرنے کیلئے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے

ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم اس دینِ حق کا پیغام دنیا بھر کے انسانوں تک پہنچائیں، قائم مقام امیر جمعیت اہل حدیث

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے قائم مقام امیر مولانا ڈاکٹر علی محمد ابوتراب نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا بہترین شکر ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ انسان اپنی پوری زندگی اللہ تعالیٰ کے دین اور اس کی نازل کردہ ہدایت کے مطابق گزارے۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں ایمان، اسلام اور خاتم النبیین حضرت محمد ﷺ کی امت میں شامل ہونے کی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1

پاکستان کی سمندری خوراک کی برآمدات 56 کروڑ 80 لاکھ امریکی ڈالر تک پہنچ گئیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان کی سمندری خوراک کی برآمدات 56 کروڑ 80 لاکھ امریکی ڈالر تک پہنچ گئی ہیں، جبکہ مچھلی کی برآمدات ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح پر ریکارڈ کی گئی ہیں۔ وفاقی وزیر نے اپنے بیان میں کہا کہ بلیو اکانومی اصلاحات کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں

محرم الحرام کے انتظامات پر جناح ٹاؤن کی کارکردگی رپورٹ ڈپٹی کمشنر شرقی کو پیش

نصر اللہ عباسی نے بلدیاتی خدمات، صفائی، اسٹریٹ لائٹس اور نکاسی آب کے مؤثر انتظامات کو سراہا

جلوسوں اور مجالس کے روٹس پر بروقت انتظامات، بہترین ٹیم ورک پر متعلقہ محکموں کی کارکردگی قابلِ تعریف قرار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین جناح ٹاؤن رضوان عبدالسمیع نے محرم الحرام کے دوران محکمہ مکینیکل و الیکٹریکل کی جانب سے کیے گئے انتظامات اور بلدیاتی خدمات کی تفصیلی پروگریس رپورٹ ڈپٹی کمشنر ضلع شرقی نصر اللہ عباسی کو پیش کی۔ اس موقع پر ایگزیکٹو انجینئر محکمہ مکینیکل و الیکٹریکل اور فوکل پرسن نوید صدیقی بھی چیئرمین جناح ٹاؤن کے ہمراہ موجود تھے۔ ملاقات کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2

شائن ہیومینٹی کا سندھ اور کے پی کے میں چھ نئے صحت پروگرام کا آغاز

کراچی (اسٹاف رپورٹر) معیاری طبی سہولیات تک عوام کی رسائی بہتر بنانے کے اپنے عزم کو مزید مضبوط کرتے ہوئے شائن ہیومینٹی نے سندھ اور خیبر پختونخوا میں قائم اپنے تین کلینکس میں امراض سے متعلق چھ نئے صحت پروگراموں کا دائرہ کار بڑھا دیا ہے۔

چیئرمین ضلع کونسل میر انور علی خان تالپور نے 49 ہزار 300 روپے کا بجٹ پیش کر دیا

شہری علاقوں کے ساتھ ساتھ دیہی علاقوں میں بھی بہتری اور ترقیاتی کاموں کا جال بچھایا جائے

ٹوٹل اخراجات کا تخمینہ 79 کروڑ، 60 لاکھ 22 ہزار 100 روپے لگایا گیا ہے

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) چیئرمین ضلع کونسل میر انور علی خان تالپور نے مالی سال 27-2026 کا 49 ہزار 300 روپے کا بچت بجٹ پیش کر دیا۔ بجٹ اجلاس میں وائس چیئرمین میر احمد تالپور، چیف آفیسر ضلع کونسل سید عمران حیدر، اکاؤنٹس آفیسر اویس رضا لغاری، لیکیشن آفیسر سیدہ معطر فاطمہ کاظمی، ممبران اور صحافیوں نے شرکت کی۔ چیئرمین ضلع کونسل

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3

پیٹرولیم لیوی کیخلاف جماعتِ اسلامی کا ملک گیر یومِ احتجاج
کراچی میں 13 مقامات پر مظاہرے ہونگے

کے فور منصوبہ 20 سال سے تعطل کا شکار ہے نوجوان اپنی موٹر سائیکلیں کچھ دیر کے لیے بند کر کے اس احتجاج کا حصہ بنیں، منعم ظفر خان کی اپیل

نالوں کی صفائی کے لیے مختص 54 کروڑ روپے کے بجٹ کے باوجود شہر کے 44 بڑے اور 522 چھوٹے نالوں کی بروقت صفائی نہیں ہو سکی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19



کراچی میں بڑھتی ہوئی بدامنی لمحہ فکریہ ہے، انور عظیم خان ایڈووکیٹ



کراچی میں اسٹریٹ کرائم، موبائل فون اور گاڑیوں کی چھینا جھپٹی، موٹر سائیکل چوری، بھتہ خوری اور دیگر جرائم میں مسلسل اضافہ شہریوں کیلئے تشویش کا باعث ہے

کراچی میں جرائم پیشہ عناصر، بھتہ خوروں اور اسٹریٹ کرمنلز کے خلاف بلاامتیاز اور مؤثر آپریشن کیا جائے، صدر پاکستان مسلم لیگ (فنکشنل) کراچی ڈویژن

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4

KMC، ٹاؤنز اور KDA کے ریٹائرڈ ملازمین واجبات سے محروم

تنخواہوں کا اضافہ تاحال ادا نہ کرنا بلدیاتی ملازمین کے ساتھ بدترین ناانصافی ہے، ڈاکٹر فاروق ستار

بند تنخواہیں اور پنشن بحال نہ کی تو احتجاج کا رخ اندرون کے ایم سی اور گورنر و اعلیٰ ہاؤس کی طرف ہوگا، ایم کیو ایم

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20

پانی چوری کی روک تھام کیلئے واٹر کارپوریشن تھانے کا قیام

شہریوں کیلئے ایک خصوصی شکایتی ہیلپ لائن قائم کرے گا، جس کے ذریعے پانی چوری اور غیر قانونی ہائیڈرنٹس سے متعلق شکایات درج کرائی جا سکیں گی

یہ تھانہ تقریباً 12,500 مربع فٹ رقبے پر قائم کیا گیا ہے، جس میں 4,500 مربع فٹ پر مشتمل عمارت اور 8,000 مربع فٹ پارکنگ ایریا شامل ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6

مینجمنٹ ایسوسی ایشن آف پاکستان کے زیرِ اہتمام معاشی نظام پر خصوصی مذاکرہ

قانت خلیل اللہ نے فل ریزرو نظام کو قرض، افراطِ زر، سود اور غربت کے مسائل کا مؤثر متبادل قرار دیا

فریکشنل ریزرو بینکاری کے متبادل پر ماہرین کا غور، MAP میں قانت خلیل اللہ کا خصوصی خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مینجمنٹ ایسوسی ایشن آف پاکستان (MAP) کے زیرِ اہتمام معاشی اور بینکاری نظام پر خصوصی خطاب مینجمنٹ ایسوسی ایشن آف پاکستان (MAP) نے ایک مقامی ہوٹل میں معروف مصنف جناب قانت خلیل اللہ کے ساتھ ایک خصوصی مذاکرے کا اہتمام کیا۔ جناب قانت خلیل اللہ اپنی اہم کتاب "قرض، افراطِ زر، سود اور غربت کے جال سے نجات: فریکشنل ریزرو بینکاری کے متبادل کے طور پر فل ریزرو بینکنگ کا نظام" کے مصنف ہیں۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5



میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب سندھ کے پہلے کراچی واٹر کارپوریشن پولیس تھانے کا افتتاح کر رہے ہیں

ٹنڈوجام دن دہاڑے ڈکیتی کی تین وارداتیں، شہریوں اور تاجروں میں خوف و ہراس

تین روز کے دوران ڈکیتی کے چار واقعات ہونے پر پولیس کی کارکردگی بھی سوالیہ نشان بن گئی

صابر حسین اور رحمان گھی کو یرغمال بنا کر ہزاروں روپے، رقم، ایک موٹر سائیکل اور موبائل فون چھین لیا

ٹنڈوجام (نامہ نگار) ٹنڈوجام اور گردونواح کے علاقوں میں دن دہاڑے ڈکیتی کی تین مختلف وارداتوں کے بعد شہریوں اور تاجروں چوپایہ مال کے بیوپاریوں میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا ہے، جبکہ صرف تین روز کے دوران ڈکیتی کے چار واقعات ہونے پر پولیس کی کارکردگی بھی سوالیہ نشان بن گئی ہے۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7



مینجمنٹ ایسوسی ایشن آف پاکستان کے زیرِ اہتمام معاشی نظام پر خصوصی مذاکرہ میں لی گئی گروپ فوٹو

امریکی صدر کے متضاد بیانات خطے میں بے یقینی پیدا کر رہے ہیں
ثروت اعجاز قادری

مذاکرات اور دھمکیاں ایک ساتھ نہیں چل سکتیں، امریکہ اپنی پالیسی واضح کرے، امریکہ اور ایران تحمل کا مظاہرہ کریں

خطے کے امن کو مزید خطرات سے بچایا جائے، کشیدگی میں اضافہ عالمی امن اور معیشت کے لیے نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین پاکستان سنی تحریک انجینئر محمد ثروت اعجاز قادری نے اپنے جاری بیان میں کہا کہ امریکی صدر ایک طرف ایران سے مذاکرات کی خواہش کا اظہار کرتے ہیں اور دوسری طرف دھمکی آمیز بیانات دیتے ہیں





کراچی میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی ماضی میں مثال نہیں ملتی
کرم اللہ وقاصی

شہر میں بڑھتے ہوئے ٹریفک دباؤ کو کم کرنے کے لیے کراچی میں اہم منصوبوں پر عملدرآمد کا آغاز کیا جا رہا ہے

شہریوں کو بلاتعطل اور منصفانہ پانی کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں، ترجمان میئر کراچی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ترجمان میئر کراچی اور بلدیہ عظمیٰ کراچی میں پاکستان پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر کرم اللہ وقاصی نے کہا ہے کہ شہر کو جدید، منظم اور شہری دوست بنانے کے لیے مختلف شعبوں میں اصلاحات اور ترقیاتی منصوبوں پر بھرپور انداز میں عمل

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21

حاجی محمد ابراہیم جکھرانی کی قبر پر حاضری، ایصالِ ثواب کیلئے فاتحہ خوانی

وفد میں غلام سرور سومرو، فتح محمد مہیری، نوجوان استاد عمران الٰہی سومرو اور راحیل احمد منگی بھی شامل تھے



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9

پاکستان اور عراق کے برادرانہ تعلقات مزید مستحکم بنانے پر اتفاق
دینی و ثقافتی روابط کے فروغ پر زور

عراق کے قونصل جنرل ڈاکٹر ماہر مجید جیجان سے صاحبزادہ مولانا حافظ عبدالمجید، سید امتیاز الحق بخاری اور وفد کی اہم ملاقات

تعلیم، مذہبی ہم آہنگی، ثقافتی تعاون اور امتِ مسلمہ کے اتحاد کے فروغ کیلئے مشترکہ کاوشوں کی ضرورت پر اتفاق، مشترکہ اقدامات وقت کی اہم ضرورت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) عراق کے قونصل جنرل کراچی ڈاکٹر ماہر مجید جیجان سے معروف اسلامی اسکالر، جانشین قادر مسجد و مدرسہ تعلیم القرآن کراچی، صاحبزادہ مولانا حافظ عبدالمجید نے سید امتیاز الحق بخاری، سید معاذ بخاری اور دیگر معزز شخصیات کے ہمراہ ملاقات کی۔ ملاقات انتہائی خوشگوار اور برادرانہ ماحول میں ہوئی، جس میں پاکستان اور عراق کے درمیان تاریخی، مذہبی، ثقافتی اور باہمی تعلقات کو مزید مضبوط

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8

گلبرگ ٹاؤن میں اساتذہ کیلئے ڈیجیٹل اسکلز اینڈ اے آئی ورکشاپ

گلبرگ ٹاؤن میں گزشتہ سال سے اساتذہ کی مسلسل تربیت کا سلسلہ جاری ہے، نصر اللہ بھٹو



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12

منگھوپیر ٹاؤن یو سی 14 میں امن کے لیے فیروز بھائی کا کردار قابلِ تحسین

آل پارٹیز وفد کی پیرآباد تھانے میں ایس ایچ او سے اہم ملاقات

تمام سیاسی، سماجی اور مذہبی جماعتوں کے ذمہ داران نے متحد ہو کر پیرآباد تھانے کا دورہ کیا



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10



عراق کے قونصل جنرل کراچی ڈاکٹر ماہر مجید جیجان سے صاحبزادہ مولانا حافظ عبدالمجید نے سید امتیاز الحق بخاری، سید معاذ بخاری اور دیگر معزز شخصیات کے ہمراہ ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

جمہوریت اور حب الوطنی کا پیغام فاطمہ جناح کی عظیم میراث ہے، احسن ناغڑ

مادرِ ملت نے پاکستان کی بنیادوں کو مضبوط بنانے میں تاریخی کردار ادا کیا، ISPO

مضبوط کردار، اخلاص اور قومی خدمت کا جذبہ قوموں کی تقدیر بدلنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13

شرجیل میمن نے عالمی بینک کو بڑے ٹرانسپورٹ منصوبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دیدی

سندھ حکومت منصوبے کو مقررہ معیار اور رفتار کے مطابق مکمل کرنے کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے

پبلک ٹرانسپورٹ کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، شرجیل انعام میمن

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11

ایم پی بی کے سیکریٹری نشر و اشاعت رضوان احمد فخری کا کامیاب آپریشن، طبیعت بہتر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22

ارسلان قریشی کیخلاف منفی پروپیگنڈا، اہلیان لائنز ایریا کی شدید مذمت

جھوٹی اور من گھڑت خبروں کے ذمہ دار عناصر کے خلاف کارروائی کا مطالبہ

صحافت کا مقصد تحقیق کے بعد حقائق عوام تک پہنچانا ہے، ارسلان قریشی



کراچی (اسٹاف رپورٹر) اہلیان لائنز ایریا کی معزز سیاسی، سماجی اور کاروباری شخصیات نے معروف کاروباری شخصیت ارسلان قریشی کے خلاف جھوٹی، من گھڑت خبروں، منفی پروپیگنڈے اور کردار کشی کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اور ایسے عناصر کے خلاف قانونی کارروائی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحافت ایک مقدس پیشہ ہے، جس کا بنیادی مقصد معاشرے کی مثبت تعمیر، حقائق کی درست ترجمانی اور عوام کو مستند معلومات فراہم کرنا ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16

کم تنخواہ، اضافی ڈیوٹی کیخلاف پیپلز بس سروس ڈرائیورز کا احتجاج، سروس متاثر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں پیپلز بس سروس کے ڈرائیوروں نے کم تنخواہ اور اضافی ڈیوٹی کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15

رکن قومی اسمبلی شرمیلا فاروقی کا صفورا ٹاؤن میں ترقیاتی کاموں کا معائنہ

وائس چیئرمین عبدالحق بلوچ، میونسپل کمشنر عالمگیر جونیجو و دیگر اہم شخصیات اس موقع پر موجود تھیں

صفورا ٹاؤن کی بہتری کیلئے کام کرنے پر چیئرمین راشد خاصخیلی کو مبارکباد پیش کرتی ہوں، راشد خاصخیلی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14

جہلم کے اسسٹنٹ کمشنر عبداللہ غازی خان نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا



ضلعی انتظامیہ کی رہنمائی میں عوامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اولین ترجیح میں شامل ہے

جہلم (رپورٹ حاجی مخدوم حسین چوہدری) تحصیل جہلم کے نئے اسسٹنٹ کمشنر عبداللہ غازی خان نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر باقاعدہ کام شروع کر دیا ہے۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17



کراچی سندھ کے سینئر وزیر برائے اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن سے عالمی بینک کے وفد نے ملاقات کر رہے ہیں



رکن قومی اسمبلی انفارمیشن سیکریٹری کراچی ڈویژن پاکستان پیپلز پارٹی شرمیلا فاروقی نے چیئرمین صفورا ٹاؤن راشد خاصخیلی و دیگر کے ہمراہ صفورا ٹاؤن کا تفصیلی دورہ کر رہے ہیں